NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON FINANCE AND REVENUE ON "THE INCOME TAX (SECOND AMENDEMENT) BILL, 2025"

I, Chairman of the Standing Committee on Finance and Revenue have the honor to present this report on the Bill to amend the Income Tax Ordinance, 2001, (XLIX of 2001) [The Income Tax (Second Amendment) Bill, 2025], as introduced in the National Assembly and referred to the Committee on 12th May, 2025.

2. The Committee comprises the following: -

1.	**Syed Naveed Qamar**	**Chairman**
2.	Rana Iradat Sharif Khan	Member
3.	Syed Sami Ul Hasan Gilani	Member
4.	Ms. Zeb Jaffar	Member
5.	Mr. Muhammad Usman Awaisi	Member
6.	Mr. Ali Zahid	Member
7.	Ms. Hina Rabbani Khar	Member
8.	Mr. Ali Jan Mazari	Member
9.	Dr. Mirza Ikhtiar Baig	Member
10.	Dr. Nafisa Shah	Member
11.	Mr. Arshad Abdullah Vohra	Member
12.	Mr. Muhammad Jawed Hanif Khan	Member
13.	Mr. Hussain Ellahi	Member
14.	Mr. Omar Ayub Khan	Member
15.	Mr. Shahram Khan	Member
16.	Mr. Muhammad Mobeen Arif	Member
17.	Mr. Usama Ahmed Mela	Member
18.	Mr. Muhammad Ali Sarfraz	Member
19.	Ms. Shahida Begum	Member
20.	Mr. Muhammad Aurangzeb Minister for Finance and Revenue	Ex-officio Member

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly, placed at Annexure-A, in its meeting held on 29th May, 2025 and recommended that the Bill may be passed by the Assembly with the following amendment:

> **In new clause (3A), in second proviso after the word 2022 the words "and shall cease to have effect after tax year 2025" shall be omitted.**

-Sd-
(SYED NAVEED QAMAR)
Chairman

-Sd-
(TAHIR HUSSAIN)
Secretary General
Islamabad, the 26th June, 2025

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

BILL

further to amend the Income Tax Ordinance, 2001

WHEREAS, it is expedient further to amend the Income Tax Ordinance, 2001 (XLIX of 2001); in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: —

1. **Short title and commencement.** – (1) This Act shall be called the Income Tax (Second Amendment) Act, 2025.

(2) It shall, unless provided otherwise, come into force at once.

2. **Amendment of Second Schedule of the Ordinance XLIX of 2001.** — In the Income Tax Ordinance, 2001 (XLIX of 2001), in the Second Schedule, in Part III, after omitted clause (3), the following new clause shall be inserted, namely: –

"(3A) The tax payable by a full-time teacher or a researcher, employed in a non-profit education or research institution duly recognized by the Higher Education Commission, a Board of Education or a University recognized by the Higher Education Commission, including government research institution, shall be reduced by an amount equal to 25% of tax payable on his income from salary:

Provided that this clause shall not apply to teacher of medical profession who derive income from private medical practice or who receive share of consideration received from patients:

Provided further that the provision of this clause shall be deemed to have taken effect on and from the 1st day of July, 2022".

Statement of Objects and Reasons

The purpose of this bill is to give effect to the proposal contained in Income Tax (Second Amendment) Bill, 2025 to restore 25% tax rebate to full-time teachers and researchers for the previous two tax years i.e. 2023 and,2024 and current tax year 2025. This amendment is being carried out by way of an insertion of a new clause (3A) in Part III of the Second Schedule to the Income Tax Ordinance, 2001 to continue the rebate for full-time teachers and researchers, which had been omitted by the Finance Act, 2022 as envisioned by the government.

-Sd-

Muhammad Aurangzeb

Minister for Finance and Revenue

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

انکم ٹیکس (ترمیم دوم) بل، ۲۰۲۵ء" پر قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محاصل کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محاصل ۱۲ مئی، ۲۰۲۵ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ء (۴۹ بابت ۲۰۰۱ء) میں ترمیم کرنے کے بل [انکم ٹیکس (ترمیم دوم) بل، ۲۰۲۵ء] پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

1۔	سید نوید قمر	چیئرمین
2۔	رانا ارادت شریف خان	رکن
3۔	سید سمیع الحسن گیلانی	رکن
4۔	محترمہ زیب جعفر	رکن
5۔	جناب محمد عثمان اویسی	رکن
6۔	جناب علی زاہد	رکن
7۔	محترمہ حنا ربانی کھر	رکن
8۔	جناب علی جان مزاری	رکن
9۔	ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ	رکن
10۔	ڈاکٹر نفیسہ شاہ	رکن
11۔	جناب ارشد عبداللہ وہرا	رکن
12۔	جناب محمد جاوید حنیف خان	رکن
13۔	جناب حسین الٰہی	رکن
14۔	جناب عمر ایوب خان	رکن
15۔	جناب شہرام خان	رکن
16۔	جناب محمد مبین عارف	رکن
17۔	جناب اسامہ احمد میلہ	رکن
18۔	جناب محمد علی سرفراز	رکن
19۔	محترمہ شاہدہ بیگم	رکن
20۔	جناب محمد اورنگزیب وزیر برائے خزانہ و محاصل	رکن بلحاظ عہدہ

۳۔ کمیٹی نے ۲۹ مئی، ۲۰۲۵ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منسلکہ ۔الف پر موجود اور قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ اسمبلی حسب ذیل ترمیم کے ساتھ بل کی منظوری دے:

نئی شق (۳/الف) میں، دوسرے جملہ شرطیہ میں ہندسے ۲۰۲۲ء کے بعد الفاظ اور ہندسے "ٹیکس سال ۲۰۲۵ء کے بعد اس کا اطلاق ختم ہو جائے گا" حذف کر دیے جائیں گے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری جنرل

دستخط/۔
(سید نوید قمر)
چیئرمین

اسلام آباد، ۲۶ جون، ۲۰۲۵ء

منسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ء میں مزید ترمیم

کرنے کا بل

ہر گاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں، انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ (۴۹ مجریہ ۲۰۰۱ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:** (۱) یہ ایکٹ انکم ٹیکس (ترمیم دوم) ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) بجز اس کے کچھ اور مقرر ہو، یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **آرڈیننس ۴۹ مجریہ ۲۰۰۱ء کے، جدول دوم کی ترمیم:۔** انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ء (۴۹ مجریہ ۲۰۰۱ء) میں، جدول دوم میں، حصہ سوم میں، حذف شدہ شق (۳) کے بعد، حسب ذیل نئی شق کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۳/الف) اعلی تعلیمی کمیشن کی جانب سے باضابطہ طور پر تسلیم شدہ کسی غیر منافع بخش تعلیمی یا تحقیقی انسٹیٹیوٹ میں ملازم رکھے گئے کل وقتی معلم یا محقق کی طرف سے واجب الادا ٹیکس جو تعلیمی بورڈ یا اعلی تعلیمی کمیشن کی جانب سے تسلیم کردہ یونیورسٹی بشمول سرکاری تحقیقاتی ادارے میں ملازم ہو، کی جانب سے ادا کردہ ٹیکس، اس کی تنخواہ پر قابل ادا ٹیکس کی ۲۵ فیصد رقم کے مساوی کم کیا جائے گا:

مگر شرط یہ ہے کہ یہ شق طبّی پیشے کے معلم پر لاگو نہیں ہوگی جو نجی طبّی پریکٹس سے آمدنی حاصل کرتا ہو یا جو مریضوں سے معاوضہ وصول کرتا ہے:

مزید شرط یہ ہے کہ اس شق کے احکام کو یکم جولائی، ۲۰۲۲ء کو اور سے نافذ سمجھا جائے گا۔"

بیان اغراض و وجوہ

اس بل کا مقصد انکم ٹیکس (ترمیم دوم) بل، ۲۰۲۵ء میں شامل تجویز کو بجالانا ہے تاکہ سابقہ دو ٹیکس سالوں یعنی ۲۰۲۳ء اور ۲۰۲۴ء اور موجودہ ٹیکس سال ۲۰۲۵ء کے لیے کل وقتی اساتذہ اور محققین کو ۲۵ فیصد ٹیکس چھوٹ بحال کی جاسکے۔ یہ ترمیم کل وقتی اساتذہ اور محققین کے لئے چھوٹ جاری رکھنے کے لئے انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ء کے جدول دوم کے حصہ سوم میں نئی شق (۳/الف) کی شمولیت کے ذریعے کی جارہی ہے، جسے حکومت کے خیال کے مطابق فنانس ایکٹ ۲۰۲۲ء کے ذریعے حذف کیا گیا تھا۔

محمد اورنگزیب

وزیر خزانہ و محاصل